NHS Lothian

ہاسپٹل میں آپ کے علاج کیلئے انتظار کے اوقات کی وضاحت

مجھے کتنی دیر انتظار کرنا پڑے گا؟

ہم آپ کے انتظار کے وقت کو مختصر ترین بنانے کیلئے جو کچھ ممکن ہوا کریں گے۔ آپ جتنا وقت انتظار کریں گے اس کا انحصار آپ کی کیفیت اور جس سروس کے پاس آپ کو بھیجا جائے گا، پر ہوگا۔

انتظار کے وقت کیلئے کیا گارنٹیاں ہیں؟

سکاٹش حکومت کی انتظار کے وقت کیلئے مختلف گارنٹیاں ہیں جن کو پورا کرنا لازمی ہے اور ان میں مندرجہ ذیل کیلئے اِنتظار کا وقت شامل ہے:

- بیرونی مریضوں کے شعبے میں آپ کی پہلی ملاقات کی تاریخ و وقت
- اینڈوسکوپی (endoscopy)، CT سکین اور الٹراساؤنڈ (ultrasound) جیسے معائنے
- علاج - جیسا کہ آپریشن

بیشتر مریضوں کا علاج جی پی کے بھیجنے کے 18 ہفتوں کے اندر شروع ہوجانا چاہئے۔ مزید معلومات کیلئے دیکھیں:

http://www.hris.org.uk/patien-information/information-about-health-rights/charter/waiting-times/

اگر مجھے مزید معلومات کی ضرورت ہو تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟

براہ مہربانی جب آپ اپنی اپائینٹمنٹ کیلئے آئیں تو ہاسپٹل کے عملے سے بات کریں یا اپنے اپائینٹمنٹ کے خط پر دیئے ہوئے نمبر کو استعمال کر کے ہمیں فون کریں۔

آپ کو مزید معلومات یہاں سے بھی مل سکتی ہے:

NHS inform
Health information you can trust
0800 22 44 88
www.nhsinform.co.uk/rights/waitingtimes

یہ کتابچہ ہاسپٹل کے انتظار کے اوقات اور ہاسپٹل میں آپ کی ملاقات کی مقررکردہ تاریخ و وقت کے متعلق معلومات پر مشتمل ہے۔

اِس کی اُردو کاپی حاصل کرنے کیلئے 0131 242 8181 پر ٹیلی فون کریں اور ریفرنس نمبر 13-0388 کا حوالہ دیں۔

سکاٹش حکومت کی علاج کے وقت کیلئے کیا گارنٹی ہے؟

The Patient Rights (Scotland) Act 2011, the 2011 Charter of Patients Rights and Responsibilities (دی پیشنٹ رائٹس (سکاٹ لینڈ) ایکٹ 2011 اور 2012 چارٹر آف پیشنٹ رائٹس اینڈ رِسپونسی بلیٹیز) میں بیان کیا گیا ہے کہ جب آپ کا ماہر معالج اور آپ اِس بات پر متفق ہو جاتے ہیں کہ آپ کا علاج ہاسپٹل میں بحثیت ایک داخل مریض یا ایک دن کیلئے داخل کر کے ہونا چاہئے تو آپ کو یہ حق حاصل ہوتا ہے کہ آپ کا علاج 12 ہفتوں کے اندر شروع ہو جائے۔ **بیشتر مریضوں کا علاج 12 ہفتوں سے پہلے شروع ہو جاتا ہے۔**

مجھے میری اپائینٹمنٹ (تاریخ اور وقت) کس طرح ملے گی؟

آپ کو اپائینٹمنٹ کا ایک خط موصول ہوگا

یا

ایک خط جس میں آپ کو کہا جائے گا کہ فون کر کے اپائینٹمنٹ کا انتظام کریں۔

اگر آپ اپنا نام، پتہ یا فون نمبر بدل لیں تو براہ مہربانی ہمیں مُطلع کر دیں، اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ ہم آپ کے ساتھ رابطہ کرسکیں گے۔

عموماً آپ کو NHS لودین یا ہمارے ہیلتھ کیئر پارٹنرز کی کسی جگہ میں پہلی دستیاب اپائینٹمنٹ (تاریخ اور وقت) دی جاتی ہے۔ ہم ہیلتھ کیئر پارٹنرز کے باہمی تعاون سے کام کر رہے ہیں، جن کی مدد سے ہر ایک کو جتنی جلدی ہو سکے گا دیکھا جائے گا۔

ہم آپ کو کم از کم سات دن پہلے اِس اپائینٹ منٹ کی اطلاع دیں گے۔ براہ مہربانی احتیاط سے اس اپائینٹمنٹ پر غور کریں اگر آپ نے دو مرتبہ معقول اپائینٹمنٹ کی پیشکش سے انکار کر دیا تو ہم آپ کو اُس شخص کے پاس واپس بھیج سکتے ہیں جس نے آپ کو ہمارے پاس بھیجا ہوگا، مثلاً آپ کا جی پی یا ڈینٹِسٹ (دندان ساز)، اور آپ کا انتظار کا وقت دوبارہ شروع ہوسکتا ہے۔

ہم آپ کو جو خط یا کوئی کتابچہ بھیجیں گے اُن میں وہ تمام معلومات دی گئی ہوں گی جن کی آپ کو ضرورت ہوگی۔ براہ مہربانی انہیں غور سے پڑھیں اور اگر آپ کے کوئی استفسارات ہوں تو ہمارے ساتھ رابطہ قائم کریں۔

اگر کوئی ایسا وقت ہو جب میں نہ آسکوں تو مجھے کیا کرنا چاہئے؟

مثال کے طور پر، اگر آپ کو معلوم ہو کہ آپ چھٹیوں پر جا رہے ہیں تو براہ مہربانی جتنی جلدی ہو سکے ہمیں اس کی اطلاع دیں اور ہم اس بات کا خیال رکھیں گے کہ آپ کو اُن کے دوران کوئی اپائینٹمنٹ نہ بھیجی جائے۔

آپ کے انتظار کے وقت کو روک دیا جائے گا جب تک آپ واپس نہیں آجاتے۔ اگر یہ چھٹیاں 24 ہفتوں سے زیادہ ہوں گی تو آپ کو فہرست سے خارج کر دیا جائے گا اور ہم درخواست کریں گے کہ جب آپ واپس آجائیں تو آپ کو دوبارہ ہمارے پاس بھیجا جائے۔

اگر میں اپنی اپائینٹمنٹ پر نہ آسکوں تو مجھے کیا کرنا چاہئے؟

- **جتنی جلدی ممکن ہو سکے ہمیں فون کر کے بتا دیں** - پھر ہم یہ اپائینٹمنٹ کسی دوسرے شخص کو دے سکیں گے جسے اس کی ضرورت ہوگی
- ہم آپ کیلئے نئی اپائینٹمنٹ کا انتظام کرسکیں گے
- اگر آپ نے طے شدہ اپائینٹمنٹ کو کینسل کر دیا تو آپ کا انتظار کا وقت دوبارہ شروع ہوگا
- اگر آپ کو کسی اپائینٹمنٹ کی توثیق کرنے کیلئے کہا جائے گا تو براہ مہربانی اس بات کا یقین کر لیں کہ آپ نے ایسا کر لیا ہے - اگر آپ نے اپنی اپائینٹمنٹ کی توثیق نہ کی تو یہ کسی دوسرے شخص کو دے دی جائے گی۔

اگر میں اپنی اپائینٹمنٹ پر نہ آؤں تو کیا ہوگا؟

اگر آپ نے ہمیں مُطلع نہ کیا کہ آپ نہیں آسکیں گے تو آپ کو فہرست سے خارج کیا جا سکتا ہے۔
آپ کو اور آپ کو ہمارے پاس بھیجنے والے کو یہ بتانے کیلئے خط بھیجا جائے گا۔